© rasailojaraid.com



# حضرۃ الامیر کا ارشادِ گرامی

میں مدیر ترجمان الحدیث اور دیگر جمعیت کے ارکان کو حکم دیتا ہوں کہ وہ آپس کے تمام اختلافات کو فوری اور قطعی طور پر ختم کر دیں اور اس سلسلہ میں کوئی بھی کسی قسم کی کوئی کاروائی نہ کرے اور اپنی تمام تر توجہات جماعت کی ترقی اور بہبود پر صرف کرے، خداوند کریم ہم سب کو مسلک کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے :

(حضرۃ العلام) **حافظ محمد گوندلوی** - امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث مغربی پاکستان

# تعمیلِ ارشاد

حضرۃ الامیر کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے پرچے کے ان مضامین کو خارج کیا جا رہا ہے جو باہمی اختلافات کے بارہ میں تھے، اب قارئین سے معذرت خواہ ہیں کہ پرچے کے صفحات کاغذ نہ ملنے کی وجہ سے پہلے ہی کم کئے گئے تھے، اور اب جبکہ پرچہ پریس میں آخری مراحل پر تھا حضرۃ الامیر کے ارشاد پر کچھ اور صفحات کم کرنے پڑے آئندہ اس کی کمی انشاء اللہ پوری کر دی جائے گی :

ادارہ

© rasailojaraid.com